**27/07/2025**

**09.25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شمیم اقبال سے خبریں سُنئے**

**LG**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ سماج کے تمام طبقوں کو انصاف تک رسائی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔**

**سرینگر میں لیگل سروسز اتھارٹیوں کے شمالی زون کی علاقائی کانفرنس سے خطاب کر SKICC تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ خصوصی درجے کی تنسیخ کے بعد جمونو کشمیر میں ایسے890 مرکزی قوانین لاگو کئے جا چکے ہیں، جو پہلے یہاں نافذ نہیں تھے۔**

**.....LG.....**

**CM**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے لیگل سروسز اتھارٹیوں کی نارتھ زون ریجنل کانفرنس میں کلیدی تقریر کی۔ انہوننے تمام طبقوں کو انصاف تک رسائی فراہم کرنے کےلئے مشترکہ کوششیں کرنے پر زور دیا۔**

**سرینگر میں منعقدہ کانفرنس سے خطاب کر تے ہوئے عمر عبداللہ نے کہا کہ انکی سرکار SKICC سب سے کمزور طبقوں کو انصاف فراہم کرنے کےلئے لیگل سروسز اتھارٹی کو ہر ممکن تعاون فراہم کرے گی۔**

**-----CM-----**

**ناصر اسلم**

**صفائی کرمچاریو ں کے نمائندوں پر مشتمل ایک وفد نے سرینگر میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی سے ملاقات کر کے اپنے کئی مسائل و مطالبات ان کی دانست میں لائے۔**

اسی دوران کشمیر ہول سیل مٹن ڈیلرس یونین نے بھی رابطہ آفس سرینگر میں مشیر موصوف سے ملاقات کر کے انکی نوٹس میں جانوروں کو ٹرانسپورٹ کرتے ہوئے پنجاب مینپیش آنے والی حراسانیوں کے معاملات لائے۔

ناصر اسلم وانی نے دونوں وفود کے معاملات کی نسبت سے ہمدردانہ غور کرنے کی یقین دہانی کرائی۔

وردی

کے ساتھ اپرن Name Plate سرکار نے اسپتالونمیں سبھی ڈاکٹروں اور نیم طبی عملے کےلئے یعنی مخصوص وردی پہننا لازمی قرار دیا ہے۔

صحت کی وزیر سکینہ ایتو کی ہدایت پر متعلقہ محکمے نے اس سلسلے میں ضروری احکامات جاری کئے ہیں، جن کی رو سے قومی صحت مشن اور آیوش کے تحت کام کرنے والے عملے کےلئے بھی وردی پہننا ضروری قرار دیا گیا ہے۔

جا وید ڈار

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار نے دیہی بنیاد ی ڈھانچے کو مضبوط کرنے کی ایک کڑی کے تحت ضلع بارہمولہ کئی سڑک پروجیکٹوں پر تار کول بچھانے کے کام کا جیسی اندرونی سڑکوں کی میکڈمائزیشن کی Bomai اورSeeloo آغاز کیا۔ ان میں خاص طور پر شروعات کی گئی ہے۔

اپنے خیالات کا اظہار کر تے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ دیہی بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی دیہی ترقی کا ایک عنصر ہے اور سرکار اس کےلئے سرگرمی سے کام کر رہی ہے۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا کے تحت اب تک مجموعی طور پر3لاکھ68ہزار675یاتریوں نے پوتر گھپا میں حاضری دی ہے ۔

اُدھرجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج 2ہزار197 یاتریوں کا ایک اور قافلہ وادی کی طرف محو سفر ہے۔

من کی بات

**وزیر اعظم نریندر مو دی آج آکاشوانی سے من کی بات کے اپنے ماہ وار ریڈیو پروگرام میں عوام سے مخاطب ہونگے۔**

**یہ پروگرام دن میں11بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ ہندی نشریہ کے فوراً بعد پروگرام کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ بھی پیش کیا جائے گا۔**

**پنشن عدالت**

**پرنسپل اکاونٹنٹ جنرل جے پرکاش ناراین سنگھ کی صدارت میں شوپیان میں اپنی نوعیت کی پہلی پنشن عدالت منعقد کی گئی، جس کا اہتمام پرنسپل اکاونٹنٹ جنرل کے دفتر نے ضلع ٹریجری آفس شوپیان کے باہمی اشتراک سے کیا تھا۔**

**پنشن عدالت میں متعلقہ DDOs کو پنشن کا عمل آسان بنانے کے سلسلے میں ضروری جانکاری دی گئی۔ عدالت میں پنشن یافتگان کی شکایات و مسائل کی سماعت بھی کی گئی۔**

**NHM**

**قومی صحت مشن کے مشن ڈائریکٹر بصیر الحق چودھری نے صحت و خاندانی بہبود کی مرکزی وزارت کی طرف سے وضع کر دہ مشن کی سبھی سکیموں کے اہداف کو وقت رہتے حاصل کرنے پر زور دیا ہے۔**

**وہ اس سلسلے میں ایک میٹنگ کے دوران مشن کی سکیموں کی اب تک کی پیش رفت کا جائزہ لے رہے تھے۔**

**دریں اثناءسرکار نے گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر میں پیش آئے واقعے کی تحقیقات کے احکامات جا ری کئے ہیں۔ اس سلسلے میں بصیر الحق چودھری کو تحقیقاتی آفیسر نامزد کیا گیا، جن پر یہ ذمہ داری عائد کی گئی ہے کہ وہ اس بات کی چھان بین کریں کہ 23جولائی کو آپریشن تھیٹروں کو کیوں بند کیا گیا تھا۔**

**درجہ حرارت**

**سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20 اعشاریہ5ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت26اعشاریہ 6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔**

**خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔**

**ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ**

**………………………………**